© rasailojaraid.com

یہ کتاب حضرت اکبر کی شخصیت اور ان کی شاعری کے مختلف پہلوؤں سے متعلق ۲۴ مقالات پر جو اردو زبان کے نامور اور روشناس اہل قلم کے لکھے ہوئے ہیں مشتمل ہے اور آخر میں حضرت مرحوم کی نظم کے دو فارسی ترجمے ہیں، یہ مقالات اگرچہ مختصر اور ایک حد تک طالب علمانہ ہیں تاہم لسان العصر کے کلام کے مختلف پہلوؤں اور ان کے اصل نقطۂ خیال کے سمجھنے میں ان سے کافی مدد مل سکتی ہے اس بناء پر کلام اکبر کے طالب علم کے لئے اس کا مطالعہ مفید اور بصیرت افروز ہوگا امید ہے کہ ارباب ذوق اس کی قدر کریں گے۔

تبیان الشہور از جناب محمد داؤد صاحب قاسمی جونپوری تقطیع خورد ضخامت ۴۷ صفحات کتابت وطباعت بہتر قیمت دو روپیہ پتہ:- محمد داؤد عبدالمعبود صاحب چوراہہ نکلی ٹولہ جونپور۔

مسلمانوں کے قمری سال کے بارہ مہینے ہوتے ہیں اور ہر مہینہ میں کوئی نہ کوئی دن ایسا ہوتا ہے جو مذہبی یا معاشرتی یا عام رسم ورواج کے اعتبار سے اہمیت رکھتا ہے۔ خواہ اس کی اہمیت واقعی اور حقیقی ہو یا محض فرضی! مگر بہت سے مسلمان ہیں جن کو نہ ان کی اہمیت کی وجہ معلوم ہے اور نہ انہیں اس کا علم ہے کہ وہ دن جس طرح منایا جاتا ہے اس میں کتنی بات غلط ہے اور کتنی صحیح اسی ضرورت کے پیش نظر لائق مولف نے یہ کتاب لکھی ہے جس میں شب وروز اور ماہ وسال کے تعین اور شمسی و قمری سالوں کی تاریخ اور ان کے آغاز وغیرہ سے متعلق گفتگو کرنے کے بعد یکم محرم الحرام سے لے کر ماہ ذی الحجہ تک کے اہم دنوں کے اہم واقعات اور اس سلسلہ کے احکام و مسائل بیان کئے گئے ہیں۔ اس لحاظ سے یہ کتاب تاریخی اور مذہبی دونوں حیثیتوں سے مفید اور لائق مطالعہ ہے۔

© rasailojaraid.com